ٹنڈوجام سیکٹر کے کارکن احسن کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔04مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون ٹنڈوجام سیکٹر کے جواں سال کارکن احسن کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

روزنامہ ایکسپریس کے کالم نگار اقبال رند کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔04مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف صحافی اورروزنامہ ایکسپریس کے کالم نگار اقبال رند کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

احسن،وقارحفیظ صدیق،زبیدہ بیگم،قریشہ خاتون اور چراغ بی بی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔04مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون ٹنڈوجام سیکٹر کے کارکن احسن،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی رکن اورسابق حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشورسلطانہ کے شوہروقارحفیظ صدیق،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ169 کی کارکن افضال احمد کی والدہ زبیدہ بیگم،ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سروسز ہسپتال یونٹ کے کارکن آفتاب احمد کی والدہ قریشہ خاتون اورایم کیوایم لانڈھی سیکٹر شعبہ اقلیتی امور کے کارکن دانیال اکبر کی والدہ چراغ بی بی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔

ایم کیوایم کے وفد کا دادو میں عبداللہ شاہ اوراحسان شاہ کی رہائش گاہ کا تعزیتی دورہ

وفد میں عبدالحسیب،بابرغوری،اشفاق منگی،نثارپنہور،سیدوسیم حسین،کنورنویدجمیل اورعلی مرتضیٰ شامل تھے

سیدعبداللہ شاہ اورسیداحسان شاہ کی قبروں پر حاضری دی،پھول چڑھائے اورایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

دادو۔۔۔4مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کے وفد نے اتوار کے روز ضلع دادو میں سابق وزیراعلیٰ سندھ سیدعبداللہ شاہ مرحوم کی رہائش گاہ جاکر ان کے صاحبزادے سیدمرادعلی شاہ سے ملاقات کی اوران کے والد سیدعبداللہ شاہ اور چچا احسان علی شاہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔وفد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج وصوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب،رابطہ کمیٹی کے ارکان بابرغوری،اشفاق منگی،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نثارپنہور،سیدوسیم حسین،حیدرآباد کے حق پرست ڈسٹرکٹ ناظم کنورنویدجمیل اورایم کیوایم دادو کے زونل انچارج علی مرتضیٰ شامل تھے۔وفد کے ارکان نے مرادعلی شاہ اور دیگر سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔وفد کے ارکان کچھ دیر تک سوگوارلواحقین کے ساتھ رہے اورانہوں نے سیدعبداللہ شاہ اوراحسان علی شاہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔بعدازاں ایم کیوایم کے وفد کے ارکان نے سیدعبداللہ شاہ اورسیداحسان شاہ کی قبروں پر حاضری دی،قبروں پر پھول چڑھائے اورمرحومین کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

سی پی برار سوسائٹی میں زیر تعمیر بنگلے پر پہاڑی تودہ گر گیا، ایک مزدور ہلاک ایک زخمی

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست عوامی نمائندے جائے حادثہ پہنچ گئے

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا

کراچی ۔۔۔04 مئی 2008ء

کراچی کے علاقے سی پی برار سوسائٹی میں زیر تعمیر بنگلے پر پہاڑی تودہ گرنے سے ایک مزدور جاں بحق ہو گیا جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے ۔ واقعہ سی پی برار سوسائٹی نزد گیلانی چوک گلشن اقبال میں واقع ایک بنگلے تعمیر کے دوران پیش آیا جس کے باعث پہاڑی کا کچھ حصہ زیر تعمیر بنگلے پر آ گرا اور اس کے نیچے دب کر ایک مزدور موقع پر جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے ۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی محمد رضا ہارون، رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ناظم شعیب اختر اور ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور کارکنان جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور انہوں نے امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنان نے ملبے میں دبے زخمیوں کو نکال کر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعے اسپتال پہنچایا۔ بعدازاں حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون، رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد نے لیاقت نیشنل اسپتال جا کر زخمیوں کی عیادت کی اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆